**شرائط:**

1- ٹھیکہ کی نیلامی مالی سال یعنی27- 2026کے لیے ہوگی -

2- ہربولی دہندہ کے لیے لازم ہوگا کہ وہ مقررہ تاریخوں سے دو دن قبل زربیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر ٹی۔ایم۔اے خدوخیل بونیر بنائے گااورآن لائن بولی دینے سے قبل لوکل کونسل بورڈپشاور کے ویب سائٹ پر تفصیلات درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

3- آن لائن بولی کا وقت ختم ہونے کے بعد ٹھیکہ دار 24گھنٹہ کے اندر اندرمذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ کے مصدقہ نقول ریگولیشن برانچ ٹی۔ایم۔اے خدوخیل بونیر میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

4- ہر بولی دہندہ صوبائی حکومت سے موصول شدہ شرائط و ضوابط نیلامی ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026 (عرصہ 1سال بمطابق مراسلہ نمبرAOII/LCB/6-11/2026 بمورخہ 07 مئی 2026 پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔

5- بولی دہندہ فرمز جو سا ل2026-2027کے لیے لوکل کونسل بورڈ خیبرپختونخواپشاورکے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں۔

6- ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے لاگو شدہ انکم ٹیکس مشق نمبر 236-A فنانس ایکٹ کے تحت بولی کی رقم کے علاوہ 20% (Non-Filer)اور (Filer) 10% علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر دوران ٹھیکہ مرکزی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی طرح کے مطابق ٹیکس جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

7- کامیاب بولی دہندہ اس بات کا پابند ہوگا کہ 7دن کے اندر اندر دفتر ہذا کے ساتھ ایگریمنٹ/معاہدہ کرےگا۔

8- کسی بھی لوکل کونسل کا بقایا دار آن لائن بولی میں حصہ لینے کامجاز نہیں ہوگا۔

9- کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی کل زر نیلام کے علاوہ حکومت کی طرف سے لاگو انکم ٹیکس علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگاجبکہ دیگرٹیکسز جوکہ وفاقی و صوبائی حکومت سے وقتاًفوقتاًلاگوہونگے بھی جمع کرنےکا پابندہوگا۔

10-کامیاب بولی دہندہ آن لائن بولی کے مقرر کردہ وقت ختم ہونے کے دو دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں زر ضمانت 5% اور زر پیشگی 15% دفتر ہٰذا میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگرزر بیعانہ بحق سرکار ضبط کیا جائیگا۔

11-مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام بولی مسترد کرے۔

12-دیگر شرائط نیلام ریگولیشن برانچ ٹی۔ایم۔اے خدوخیل بونیر سے دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔

**المشتہر:**

تحصیل آفیسر ریگولیشن
ٹی۔ایم۔اے خدوخیل بونیر

**بحکم:**

ایڈمنسٹریٹر / تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی۔ایم۔اے خدوخیل بونیر

CamScanner